سوال

(299)امام صاحب کےلیے سترہ کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا امام صاحب کےلیے ضروری ہے کہ سُترہ رکھیں؟ کیا اس کے بغیر نماز ہوجائے گی اور کتنے فاصلے پر رکھا جائے اور سُترہ کس چیز کا ہونا چاہیے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام کو سُترے کا اہتمام کرنا چاہیے ورنہ خدشہ ہے کہ نماز میں نقص واقع ہوجائے۔ سُترہ سجدے کی جگہ کے قریب ہونا چاہیے۔ اصل یہ ہے کہ سُترہ کی کوئی ایک چیز ساتھ ہو۔ ورنہ بوقتِ ضرورت کوئی چیز بھی سُترہ بنائی جا سکتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :292

محدث فتویٰ